# مقدسہ مونیکا (بیوہ)

آپ شمالی افریقہ میں تاگستے (Tagaste) کے مقام پر مسیحی گھرانے میں پیدا ہوئیں جیسے ہی آپ جوان ہوئیں آپ کی شادی ایک غیر قوم شخص کے ساتھ کر دی گئی۔ یہ شخص انتہائی سخت طبعیت کا مالک، غصیل اور ہرجائی ثابت ہوا۔ آپ نے اِن ساری باتوں کو بڑے تحمل کے ساتھ برداشت کیا اور اپنی سادگی، حلیمی اور فروتنی کے سبب اپنے شوہر کو اِس قدر متاثر کیا کہ وہ مسیحی ہو گیا۔ لیکن بپتسمہ پانے کے بعد وہ جلد ہی وفات پا گئے۔ اب آپ اپنے بیٹے اگسٹین کی پرورش کیلئے اکیلی رہ گئیں جو اُس وقت سولہ سال کا تھا۔ لیکن ابھی تک بپتسمہ یافتہ نہیں تھا۔ بلکہ دُنیاوی زندگی کا دلدادہ اور غیر راسخ مذہبی عقائد میں دلچسپی رکھتا تھا۔ آپ اُس کی تربیت کرنے کی خاطر ہمیشہ ہمیشہ اُس کے ساتھ رہتیں اور بہت زیادہ دُعا اور ریاضت کرتیں۔ ایک بار وہ دھوکا دے کر اٹلی چلا گیا۔ اِس پر آپ اُسے ڈھونڈتی ہوئی اٹلی کے مقام میلان پہنچیں۔ جہاں آپ نے دیکھا کہ وہ مقدس ایمبر وز کی تعلیم سے خاصہ متاثر ہوا ہے۔ آپ کی خوشی کی انتہا اُس وقت ہوئی جب 387 میں پاشکا کی شبِ بیداری کے دوران آپ کے بیٹے نے مقدس ایمبر وز کے ہاتھوں بپتسمہ پایا۔ اِس کے بعد آپ کے بیٹے نے اپنے دوستوں کے ہمراہ یہ چاہا کہ آپ کے ساتھ واپس افریقہ روانہ ہو۔ تاہم سفر کے دوران ہی اٹلی کے مقام

اوستیا میں 378 میں آپ ابدی نیند سو گئیں۔

اے قادرِ مطلق خدا! خاندانی زندگی تیری طرف سے ہوتی ہے۔ مگر بعض دفعہ کچھ گھروں میں انسانی کمزوری کی وجہ سے اختلافات پائے جاتے ہیں جس سے خاندان متاثر ہوتے ہیں۔ عطا کر کہ مقدسہ مونیکا کی دُعاؤں کی بدولت ہمارے خاندانوں میں امن و اتحاد قائم رہے اور ماؤں کی دُعاؤں کے وسیلے بچے خدا کے قریب رہیں۔ آمین۔

اے مقدسہ مونیکا

ہمارے واسطے دُعا کر!